# خاندانی سوالات
## اعتماد قائم کرنے کے لئے گفتگو کے کارڈز

**مقصد:** اس اثاثے کا مقصد یہ ہے کہ ایسے سوالات کے لئے خیالات فراہم کیے جا سکیں جو اساتذہ ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں کے خاندانوں کے ساتھ اعتماد اور مشترکہ تعلقات قائم کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سوالات کی ایک جامع فہرست نہیں ہے بلکہ خیالات کی ایک فہرست ہے۔ سوالات کو WIDA گفتگو کارڈ کی ٹیمپلیٹ کے ساتھ استعمال کرنے کے ارادے سے تیار کیا گیا ہے۔

**ہدایات:** چند سوالات منتخب کریں جو آپ کے سیاق و سباق کے عین طابق ہوں یا اپنے سوالات خود بنائیں۔ آپ کو تمام سوالات استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان سوالات کو لکھیں جو آپ گفتگو کے کارڈ کی ٹیمپلیٹ میں استعمال کرنا چاہتے ہیں، اور پھر اپنی گفتگو کے لیے انہیں پرنٹ کریں۔ مثال کے طور پر، گفتگو کے کارڈز کو ایک اوپن ہاؤس، گھر کے دورے، کسی کمیونٹی تنظیم کے دورے، کانفرنس، یا کسی اور رسمی یا غیر رسمی تقریب یا گفتگو کے دوران استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**طلباء، خاندانوں اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ استعمال کرتے وقت مدِ نظر رکھنے والی چیزیں**

- **موجودہ اعتماد کا لیول:** گفتگو کے کارڈز کا استعمال اور انہیں شئیر کرتے وقت اپنے تعلقات کی مضبوطی مدِ نظر رکھیں۔ طلباء، خاندانوں اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ ابتدائی رابطے کے دوران سوال و جواب کے فارمیٹ کو زبردستی لاگو کرنے سے ناخوشگوار دباؤ پیدا ہو سکتا ہے، جس کی وجہ سے انہیں سپورٹ ملنے کے بجائے بے آرامی کا احساس ہو سکتا ہے۔
- **اعتبار مختلف طریقوں سے قائم ہوتا ہے:** چھوٹے اشاروں کو مدِ نظر رکھیں جو ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں، خاندانوں، اور کمیونٹی کے اراکین کو یہ احساس دلائیں کہ ان کو خوش آمدید کہا جارہا ہے اور ان کی قدر کی جارہی ہے۔ ان کی گھریلو زبانوں میں سادہ سلام کا طریقہ استعمال کریں۔ اگر آپ ایک انگریزی سیکھنے والے یا مہاجر ہیں تو اپنے تجربات ہم سے شئیر کریں؛ اگر آپ ان میں سے کوئی بھی نہیں ہیں تو عاجزی، خاندانوں کی زبانوں کی اقدار اور سیکھنے کے رویے کا اظہار کریں۔ یہ چیز ہمدردی اور باہمی ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرتی ہے۔ حتیٰ کہ چھوٹے سے چھوٹے اقدامات بھی ان کو یہ احساس دلانے میں بڑی مدد دے سکتے ہیں کہ ان کو موجودگی کو قبول کیا جارہا ہے۔
- **اعتماد وقت کے ساتھ قائم ہوتا ہے:** جہاں آپ کا آمنا سامنا ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں، ان کے خاندانوں، اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ ہو تو یہ ظاہر کریں کہ آپ دوستانہ رویّے کے ساتھ ان کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں اور ان کی قدر کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ان کی کہانیوں اور ضروریات کو سننا، ان کی آراء اور خیالات کا جواب دینا، ایسے امور پر ان سے جڑنا جن کو وہ ترجیح دیتے ہوں، اور تعاون کے مواقع کی پیشکش کرنا۔ تعلقات بنانے کے عمل کو جاری رکھیں۔



© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA

# خاندانوں کے ساتھ استعمال کرنے کے لئے اساتذہ کے سوالات

## تعلقات بنانے کی شروعات

### آپ کا خاندان

1. [بچے کا نام] _____ کس قسم کی چیزیں کرنا پسند کرتا ہے؟ آپ ایک خاندان کے طور پر کیا کرنا پسند کرتے ہیں؟
2. آپ کے لئے کون سے خاندانی یا ثقافتی اقدار اہم ہیں؟ کیا آپ اس کی کوئی کہانی یا مثال شئیر کر سکتے ہیں؟
3. آپ کو کن تجربات کا سامنا ہوا جن کے بارے جاننا ہمارے لئے ضروری ہے تاکہ ہم آپ کے خاندان کی بہتر طور پر مدد کرسکیں؟
4. اس کے علاوہ_____ آپ ہمیں [بچے کا نام] اور اپنے خاندان کے بارے میں کیا بتانا چاہیں گے؟

### اسکول کے تعلقات

5. آپ ہمارے اسکول سے کیا توقع رکھتے ہیں؟ آپ ہمارے اسکول کے بارے میں کیا جاننا چاہیں گے؟
6. کیا آپ ہمارے اسکول میں کسی شخص کی مثال دے سکتے ہیں جس پر آپ واقعی اعتماد کرتے ہیں اور کیوں؟
7. آپ کس چیز کی امید کرتے ہیں کہ _____ [بچے کا نام] اس سال کیا سیکھے گا؟ [بچے کا نام] _____ کے لئے آپ کے زبان کے اہداف کیا ہیں؟
   a. [بچے کا نام] _____ کس چیز میں بہت اچھا ہے؟ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ _____ [بچے کا نام] کو کس چیز پر کام کرنے کی ضرورت ہے؟
   b. ہم [بچے کا نام] کی زبان سیکھنے اور اس کی نشو و نما میں _____ بہترین طریقے سے کیسے سپورٹ فراہم کرسکتے ہیں؟ سماجی-جذباتی ترقی کے ساتھ؟
8. ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کیا کر سکتے ہیں کہ آپ اور _____ [بچے کا نام] ہمارے اسکول/کلاس روم میں اپنائیت محسوس کریں؟
9. ہم _____ [بچے کا نام] کو اسکول میں آگے بڑھنے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

### کمیونٹی کے تعلقات

10. کیا آپ کی کمیونٹی میں کوئی ایسا شخص یا تنظیم ہے جس پر آپ واقعی اعتماد کرتے ہیں اور جو آپ کے لئے مددگار ثابت ہوا ہو؟ کیا آپ ایک مثال شئیر کر سکتے ہیں کہ آپ کا اعتماد کیسے قائم ہوا؟
11. آپ اس وقت کمیونٹی کے کون سے وسائل استعمال کر رہے ہیں جن کو دوسرے خاندانوں کے ساتھ شئیر کرنا مددگار ثابت ہو سکتا ہے؟
12. آپ کے لیے کون سے کمیونٹی یا دیگر وسائل مددگار ثابت ہوں گے؟

## تعلقات بنانے کا جاری عمل

### آپ کا خاندان

1. ہماری آخری بار گفتگو کرنے کے بعد _____ [بچے کا نام] کی دلچسپی میں کیسے تبدیلی آئی ہے، اگر تھوڑی سی بھی آئی ہے تو؟
2. آخری بار جب ہم نے بات کی تھی تو، آپ نے کہا تھا یہ کیسے بدل گیا ہے، یا یہ اب بھی ویسا ہی ہے؟

### اسکول کے تعلقات

3. معاملات کیسے چل رہے ہیں _____؟ (کسی خاص اسکول کے تعلق کا شئیر کریں جس کا ذکر آپ نے ماضی میں کیا ہو۔) میں مدد کرنے کے لئے کیا کر سکتا ہوں؟
4. ہماری پچھلی گفتگو کے بعد _____ [بچے کا نام] کے لیے آپ کے سیکھنے، زبان، اور/یا ثقافتی اہداف میں کوئی تبدیلی آئی ہے؟ اگر آئی ہے تو وہ کیا ہے؟
5. ہماری تعاون میں اب تک کیا چیز اچھی طرح سے کام کر رہی ہے؟ کیا آپ ایک مثال شئیر کر سکتے ہیں؟
   a. ہم ایسا کیا مختلف کرسکتے ہیں کہ آپ کو یہ احساس دلایا جاسکے کہ آپ کو سُنا/خوش آمدید کیا جارہا ہے؟
   b. میں آپ کے سوالات کے جواب دینے یا آپ کی ضروریات کو پورا کرنے میں کیسی کارکردگی دکھا رہا ہوں؟
   c. ہم اپنے تعلقات کو مزید تعاون پر مبنی کیسے بنا سکتے ہیں؟
6. آپ کے خیال میں کیا اسکول آپ کی توقعات پر پورا اتر رہا ہے؟ ہم کس چیز کو بہتر کر سکتے ہیں؟
   a. آپ کس قسم کی تبدیلیاں دیکھنا چاہیں گے تاکہ اسکول اور ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والے خاندانوں کے درمیان احترام اور اعتماد کی فضا کو فروغ دیا جا سکے؟


WIDA is housed within the School of Education at the University of Wisconsin-Madison.
© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA
WIDA™ UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON